الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 15جون 2022اسلام آباد

پنجاب میں 20حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات کے لئے چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نےتمام متعلقہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران ، ریٹرننگ افسران اور ڈسٹرکٹ مانیٹرننگ افسران سے آج ٹیلی فونک رابطہ کیا اور انہیں ہدایات جاری کیں کہ مذکورہ انتخابات میں کسی قسم کے دباو میں آئے بغیر اپناآئینی فرض بغیر کسی خوف وخطر سرانجام دیں اور کسی بھی قسم کی پولنگ میں رکاوٹ ڈالنے والے کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے ۔

چیف الیکشن کمشنر نے تمام متعلقہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسرا ن اور ریٹرننگ افسران کو مذکورہ انتخابات صاف ، شفاف او ر غیر جانبدارانہ بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنے اور اس کو یقینی بنانے کا پیغام دیا ۔

یاد رہے کہ مذکورہ پنجاب کے 20 حلقوں میں ضمنی انتخابات مورخہ 17 جولائی 2022 کو ہو رہے ہیں جس کے لئے الیکشن کمیشن پوری طرح متحرک ہے اور تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے تاکہ پرامن صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کو یقینی بنایا جا سکے اس سلسلے میں تمام 20حلقوں میں مانیٹرننگ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور وہ ان حلقوں میں ڈسٹرکٹ مانیٹرننگ افسران کی سربراہی میں سرگرم عمل ہیں اور رپورٹس الیکشن کمیشن کو بھجوائی جا رہی ہیں ۔ الیکشن کمیشن مذکورہ ضمنی انتخابات کے لئے سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کے لئےمورخہ 25مئی 2022کو انتخابی ضابطہ اخلاق کوڈ آف کنڈیکٹ بھی جاری کر چکا ہے جس کی پابندی تمام سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کے لئے ضروری ہے ۔ اور مانیٹرننگ ٹیمیں کو ہدایات کر دی گئی ہیں کہ مزید کڑی نگرانی کی جائے ۔

ڈسٹرکٹ مانیٹرننگ آفیسر اور مانیٹرننگ ٹیموں کو ضابطہ اخلاق پر پابندی کی نگرانی کرنے کے لئے آج بھی چیف الیکشن کمشنر نے بذریعہ ٹیلی فون ہدایات دیں ۔

نیز برآں پنجاب بلدیاتی آرڈیننس 2021کی میعاد 8جون 2022کو ختم ہونے کے فوری بعد الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی حلقہ بندیوں کے کام کو مکمل کرنے کے لئِے صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کو 2دن میں حلقہ بندیوں کمیٹیوں اور حلقہ بندی اتھارٹی کی تعیناتی اور سابقہ نوٹیفکیشن پر نظر ثانی کے لئے ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں ۔ 2019ایکٹ کے تحت پہلے ہی سے الیکشن کمیشن نے پنجاب کے تمام ضلعوں کی ڈرافٹ حلقہ بندیوں پر کام مکمل کر لیا تھا ۔ پنجاب بلدیاتی آرڈیننس 2021کی میعاد ختم ہونے پر پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019اور پنجاب ویلج پنچائیت اور نیبر ہوڈ کونسل ایکٹ 2019 دوبارہ بحال ہو چکاہے ۔الیکشن کمیشن فوری طور پر پنجاب کے بلدیاتی انتخابات کی حلقہ بندیوں کے بقایا مرحلے کے لئے شیڈول جاری کرے گا اس سلسلے میں دفتر کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ حلقہ بندی کمیٹیوں اور حلقہ بندی اتھارٹیوں کا نوٹیفکیشن فوری طور پر

جاری کرے اس کام کی تکمیل کے بعد پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول ستمبر 2022کے پہلے ہفتہ میں جاری کر دیا جائے گا۔